اغراض و مقاصد

(1) ملحقہ جامعات و مدارس عربیہ کے جملہ درجات بشمول تکمیل و تخصص کے لیے جامع نصاب تعلیم مرتب کرنا اور امتحانات میں کامیاب طلبا و طالبات کو شہادات (سندیں) جاری کرنا۔

(2) مدارس عربیہ و جامعات میں باہمی اتحاد و ربط پیدا کرنے کی کوشش اور ان کی مکمل طور پر تنظیم کرنا۔

(3) مروجہ نصاب تعلیم میں جدید دینی تقاضوں کے مطابق مناسب و موزوں تصرف کرنا اور حسب ضرورت کتب طبع کرانا۔

(4) وہ مدارس و جامعات جو اس وفاق سے الحاق کریں، ان میں نصاب تعلیم، نظام تعلیم اور امتحانات میں باقاعدگی، یک جہتی اور ہم آہنگی پیدا کرنا۔

(5) جدید عصری تقاضوں کے مطابق تعلیمات اسلامیہ کی ترویج اور نشر و اشاعت اور اہم موضوعات پر مستند اور تحقیقی کتابیں تالیف و تصنیف کرانا۔

(6) دینی مدارس و جامعات کے تحفظ و ترقی اور معیار تعلیم کو بلند کرنے کے لیے صحیح اور مؤثر ذرائع اختیار کرنا۔

(7) تربیت المعلمین والدعاۃ کا مؤثر و مناسب انتظام کرنا